سوال

پچھلی صف میں اکیلے کھڑے ہونے کا حکم؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جب امام جماعت کروارہا ہو پہلی صف مکمل ہو چکی ہو تو کیا آخری صف میں اکیلا آدمی کھڑا ہو سکتا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

نماز نبوی طبع دارالسلام صفحہ 129،130 پر ڈاکٹر شفیق الرحمن حفظہ ا تعالیٰ رقم طراز ہیں:

اگر صف میں جگہ ہے تو پیچھے اکیلے آدمی کی نماز نہیں ہوتی اور اگر صف میں جگہ نہیں ہے تو یہ اضطراری کیفیت ہوگی ایسی صورت میں اکیلے ہی کھڑے ہوجانا چاہئے نماز ہوجائے گی کیونکہ اگلی صف میں سے کسی مقتدی کو کھینچنا کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ہے۔ امام مالک، امام احمد، امام اوزاعی، امام اسحاق اور امام ابوداؤد کا یہی مذہب ہے کہ صف سے آدمی نہ کھینچا جائے، البتہ ایک امام اور ایک مقتدی والے مسئلہ پر قیاس کر کے جواز ملتا ہے یعنی جب دو شخص جماعت کروارہے ہوں تو تیسرا بعد میں آنیوالا مقتدی کو کھینچ کر پیچھے اس کے ساتھ صف بنالے گا۔

لہٰذا اگر اگلی صف مکمل ہے تو پیچھے اکیلے نماز (مجبوری کی وجہ سے) ہوجائے گی۔ اور اگر اگلی صف سے کسی کو کھینچ کر پیچھے کھڑا کرلیا تو دو آدمیوں پر قیاس کرنے کیوجہ سے یہ بھی درست ہوگا، نماز ہوجائے گی۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ